اکرام اللہ ساجد



تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب . . . . اہلحدیث کے امتیازی مسائل

مصنفہ . . . . شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا حافظ عبداللہ روپڑی رحمۃ اللہ علیہ

ضخامت . . . . ۱۰۸ صفحات سائز ۲۶ × ۲۰

قیمت . . . . ۶ روپے (طلباء سے خصوصی رعایت)

ناشر . . . . مکتبۃ دارالحدیث راجووال ضلع ساہیوال (کتابت وطباعت عمدہ سفید کاغذ)

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا حافظ عبداللہ روپڑیؒ کا اسم گرامی محتاجِ تعارف نہیں۔ آپ کا شمار جماعت اہلحدیث کی حالیہ تاریخ کے ان ممتاز علماء و فضلاء میں ہوتا ہے جنہیں آسمانِ شہرت کے درخشندہ ستارے کہا جا سکتا ہے۔ حافظ صاحب کو علوم قرآن کریم اور علوم حدیث کے علاوہ فقہ و اصولِ فقہ، صرف و نحو، معانی و ادب، عقائد و کلام اور فنونِ حکمت (منطق و فلسفہ) وغیرہ میں تدریسًا اور تحریرًا یدِطولیٰ حاصل تھا اور فقہ الحدیث میں ایک گونہ مجتہدانہ بصیرت رکھتے تھے، جیسا کہ آپ کے سینکڑوں فتاویٰ سے، جو مختلف دینی مسائل پر مشتمل ہیں، اندازہ ہوتا ہے۔

حافظ صاحب نے مسلک اہلحدیث پر متعدد کتب و رسائل تصنیف فرمائے۔ زیرِ نظر کتاب بھی انہی میں سے ایک ہے جس میں نماز سے متعلقہ ان پندرہ مسائل پر دلائل صحیحہ کی روشنی میں بحث کی گئی ہے جن کے بارے میں ان کے ایک معاصر حنفی فقیہ نے اپنے رسالہ "الاقتصاد فی التقلید والاجتہاد" میں جماعت اہلحدیث کو یکے از فتنِ عظیمہ کا ملزم گردانتے ہوئے اور فقہ حنفی کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے اہلحدیث کے فکر و عمل کی تغلیط اور مسئلہ تقلید ثابت کرنے کی کوشش کی تھی۔ حافظ صاحبؒ اس رسالہ میں مسئلہ تقلید پر اجمالی بحث کے علاوہ نماز سے متعلقہ اہلحدیث کے ان امتیازی مسائل پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے ۔۔۔ یوں سمجھئے کہ یہ رسالہ مسلک اہلحدیث کی مکمل دستاویز ہے۔